سوال

(27) وضوء کے بعد درود پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم نے سنا ہے کہ وضو کے بعد درود بیٹھ کر پڑھنا چاہیے ،چلتے ہوئے پڑھنے سے جوڑوں میں درد ہوجاتا ہے۔ کیا یہ صحیح بات ہے؟ (غلام اللہ۔شاہدرہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو کے بعد جو مسنون دعائیں پڑھنے کی تلقین کی گئی ہے ،ان میں سے سرے سے درود شامل نہیں ہے۔ ویسے درود پڑھنے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ البتہ اس کے لئے اپنی طرف سے کوئی ہیئت یا وضو کے بعد کی شرط عائد کرنا ناروا پابندی اور خودساختہ طریقہ ہے، اس لئے بیٹھ کر وضو کرنے کے بعد بیٹھ کر درود پڑھیں یا کھڑے ہوکر اس میں کوئی حرج نہیں ، نیز چلتے ہوئے پڑھنے سے جوڑوں میں درد والی بات بھی ایجاد شدہ ہے۔ شریعت میں اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:70